**2025-01-09**

**Hrs 08.30**

**HL-Opening**

**آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ**

**(Music)**

**آداب: خبرنامے کے ساتھ میں                                محمدعمار**

**پہلے اِس وقت کی خاص خبریں**

---

**1-   وزیر اعظم نریندر مودی آج بھونیشور کے Janata میدان میں 18ویں پرواسی بھارتیہ دِوس کنوینشن کا باضابطہ طور پر افتتاح کریں گے۔**

**2-   بھارت اور افغانستان کی طالبان حکومت نے دبئی میں بات چیت کی ہے۔ نئی دلی نے افغان عوام کی فوری ترقیاتی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے بھارت کی تیاری کے باری میں مطلع کیا۔**

**3-   اسرونے SpaDex مشن کے تحت اپنے دو سیارچوں کے ڈاکنگ تجربے کو ملتوی کردیا ہے۔**

**4-   آندھرا پردیش کے تروپتی میں بھگڈر کے واقعے میں میں کم از کم 6 افراد ہلاک اور 40 زخمی ہوگئے۔**

**5-   شمالی بھارت میں سردی میں شدت آگئی ہے۔IMD  نے درجہ حرارت میں مزید کمی کے لیے خبردار کیا ہے۔**

**6-   اور ہاکی انڈیا لیگ میں، راؤر کیلا میں تمل ناڈو ڈریگنس نے ٹیم گوناسیکا کو پانچ کے مقابلے چھ گول سے شکست دی۔**

**اب خبریں تفصیل سے۔**

**New PM Pravasi Bhartiya Divas**

**وزیراعظم نریندر مودی آج بھونیشور کے Janata میدان میں 18 ویں پرواسی بھارتیہ دِوس کنوینشن کا باضابطہ طور پر افتتاح کریں گے۔ پرواسی بھارتیہ دِوس کنوینشن،مرکزی حکومت کا ایک اہم پروگرام ہے جو بھارتی نژاد افراد سے جڑنے اور منسلک ہونے اور انھیں ایک دوسرے کے ساتھ بات چیت کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔ اس سال کے پرواسی بھارتیہ دِوس کنوینشن کا موضوع ہے: ”ایک وکست بھارت میں بھارت نژاد افراد کا تعاون“۔**

مختلف ملکوں کے بھارت نژاد افراد کی ایک بڑی تعداد کنوینشن میں شرکت کر رہی ہے۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر، مرکزی وزیر اشونی ویشنو، **Jual Oram** اور اوڈیشہ کے وزیراعلیٰ موہن چرن مانجھی آج کنوینشن میں شرکت کریں گے۔

**V/C Prakash Das**

وزیراعظم پرواسی بھارتیہ دِوَس کنونشن کا افتتاح کرنے کے بعد وزیر اعظم بھارتی نژاد لوگوں کے لیے ایک خصوصی سیاحتی ٹرین پرواسی بھارتیہ ایکسپریس کے پہلے سفر کا ورچوئل وسیلے سے آغاز بھی کریں گے۔ پرواسی تیرتھ درشن یوجنا کے تحت تیار کی گئی یہ ٹرین دلّی کے نظام الدین ریلوے اسٹیشن سے روانہ ہو کر تین ہفتے تک بھارت کے سیاحتی اور مذہبی اہمیت کے حامل مختلف مقامات سے ہوکر گزرے گی۔

وزیر اعظم نریندر مودی بھی اس کنونشن کے افتتاح کے دوران مختلف نمائش دیکھیں گے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کل اس کنونشن کے اختتامی اجلاس میں شرکت کرنے کے لیے آج بھوبنیشور پہنچیں گی۔

صدر جمہوریہ بھارتی نژاد افراد کو مختلف شعبوں میں ان کی نمایاں حصولیابیوں کے صلے میں پرواسی بھارتیہ سمان بھی عطا کریں گی۔

پرواسی بھارتیہ دِوَس کی تین روزہ تقریبات کا آغاز کل یُووا پرواسی بھارتیہ دِوَس کے افتتاح کے ساتھ ہوا تھا۔

بھوبنیشور سے پرکاش داس کی رپورٹ کی ساتھ خبرنامے کے لیے میں ..................

آکاشوانی دلی آج افتتاحی تقریب کی **Off Tube** کمنٹری نشر کرے گا، جسے صبح نو بجکر **55** منٹ سے اندرپرستھ، ایف ایم گولڈ اور آکاشوانی لائیو نیوز **x724** پر سنا جا سکتا ہے۔ اِسے آکاشوانی کے یوٹیوب چینل **"Akashvani AIR"** پر بھی براہِ راست نشر کیا جا ئے گا۔**x**

**PM Andhra Pradesh Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کَل وشاکھا پٹنم سے آندھرا پردیش کے لیے **2** لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ وشاکھاپٹنم میں آندھرا یونیورسٹی انجینئرنگ کالج کے میدان میں ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ آندھرا پردیش میں ماحولیات کیلئے سازگار توانائی کے اقدامات اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے پروجیکٹوں کا آغاز کیا جانا، ریاست کیلئے انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔

انھوں نے کہا کہ ان کی حکومت آندھرا پردیش کی ترقی کیلئے عہد بستہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ سوئرن آندھرا پردیش 2047، وکست بھارت 2047 کا اٹوٹ حصہ ہے۔

**S/B Pm Swarna Andhra 2047**

**Prez. Visit**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، آج سے میگھالیہ اور اڈیشہ کا دورے کریں گی۔ صدر جمہوریہ، میگھالیہ میں Umiam کے مقام پر شمال مشرقی پہاڑی خطے کیلئے ICAR تحقیقی کمپلیکس کی گولڈن جبلی تقریبات میں شرکت کریں گی۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کَل 18 ویں پرواسی بھارتیہ دیوس کنونشن کے اختتامی اجلاس میں شرکت کریں گی اور بھونیشور پَرواسی بھارتیہ سمّان ایوارڈز عطا کریں گی۔x

**India Afghanistan**

خارجہ سکریٹری وکرم مصری اور افغانستان کے کارگذار وزیر خارجہ Mawlawi Amir Khan Muttaqi نے کَل دُبئی میں باہمی تعلقات اور علاقائی ترقی سے متعلق مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا کہ میٹنگ میں خارجہ سکریٹری نے افغان عوام کے ساتھ بھارت کے تاریخی رشتوں اور دونوں ملکوں کے درمیان عوام سے عوام کے درمیان مضبوط رابطوں کو اجاگر کیا۔ انھوں نے افغان عوام کی فوری ترقیاتی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے بھارت کی تیاری کے بارے میں بھی بتایا۔

طرفین نے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر بھارت کے موجودہ پروگراموں کا جائزہ لیا۔ افغانستان کے وزیر نے افغان عوام کے ساتھ جڑنے اور مسلسل مدد فراہم کرنے کے لیے بھارتی لیڈرشپ کی ستائش کی اور شکریہ ادا کیا۔

ترقی سے متعلق کارروائیوں کے لیے موجودہ ضرورت کے تناظر میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ بھارت انسانی ہمدردی کے جاری پروگراموں کے ساتھ ساتھ مستقبل قریب میں ترقیاتی پروجیکٹوں سے منسلک ہونے میں غور کرے گا۔x

**ISRO Sapdex**

خلائی تحقیق کے بھارتی ادارے اِسرو نے SpaDex مشن کے تحت زمین کے نچلے مدار میں گھومنے والے اپنے دو سیٹیلائٹس کے ڈوکِنگ کے تجربے کو ملتوی کر دیا ہے۔ خلائی ایجنسی نے ٹویٹ کیا ہے کہ ڈوکِنگ کے تجربے کو ملتوی کرنے کا فیصلہ دونوں سیٹیلائٹس کے درمیان

زیادہ انحراف کا پتہ لگنے کی وجہ سے لیا گیا ہے۔ اِس انحراف کا مشاہدہ اُس وقت کیا گیا، جب اِسرو نے سیٹیلائٹس کے درمیان فاصلے کو 225 میٹر کم کرنے کے لیے تدبیر کی۔ اِسرو نے پہلے 7 جنوری اور اُس کے بعد آج سیٹیلائٹس کی ڈوکِنگ کے تجربے کا شیڈول بنایا تھا۔ سیٹیلائٹس میں غیر متوقع انحراف کی وجہ سے اِسرو نے شیڈول پر نظر ثانی کی ہے، جس کا اعلان جلد ہی کیا جائے گا۔×

**MP Gadkari**

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری آج دن بھر مدھیہ پردیش کے دورے پر رہیں گے۔ جناب گڈکری اندور میں جاری مختلف سڑک پروجیکٹوں کا جائزہ لیں گے۔ مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C Sanjeev Sharma**

بی اے جے اے  ایس اے ای مقابلہ کا انعقاد سوسائٹی آف آٹوموٹیو انجینئرس انٹرنیشنل کی جانب سے کیا جاتا ہے۔ اس مقابلے میں یونیورسٹی طلبا کچے راستے پر چلنے والی چھوٹی کاروں کو ڈیزائن اور تیار کرتے ہیں۔

بی اے جے اے  ایس اے ای انڈیا مقابلے میں  ایم بی اے جے اے اور ایچ بی اے جے اے کچے راستوں کے لیے موزوں گاڑیوں کو ڈیزائن کرنے اور تیار کرنے کے دو زمرے ہیں۔

ایم بی اے جے اے حرارتی انجن والی گاڑی ہوتی ہے جبکہ ایچ بی اے جے اے ایسی گاڑی ہوتی ہے، جس میں ہائیڈروجن ایندھن کے CELLS یا سی این جی کا استعمال کیا جاتا ہے۔×

**Rev. Nirmala Meeting**

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے نئی دلی میں وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن سے ملاقات کی اور آئندہ بجٹ کے تناظر میں مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔میٹنگ کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے جناب چوہان نے کہاکہ انھوں نے زراعت، دیہی ترقی، انڈین ایگریکلچر ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (ICAR) اور زمین سے متعلق وسائل سمیت چار محکموں کے بجٹ پر تبادلہئ خیال کیا۔

## S/B Shivraj SIngh Chouhan

وزیر موصوف نے اس بات کو اجاگر کیا کہ انھوں نے اس سے پہلے کسانوں، خوراک کو ڈبہ بند کرنے میں ملوث افراد اور متعلقہ فریقوں کے ساتھ زراعت، دیہی ترقی کے بجٹ پر گہرہ تبادلہ خیال کیا تھا اور وزیر خزانہ کو سبھی نکات سے آگاہ کیا۔x

## Tirupati Stampede

آندھرا پردیش میں، کل شام تروپتی میں 10 سے 12 جنوری تک منعقد ہونے والے Vaikunta ایکادسی درشنم کے لیے ٹوکن جاری کرنے والے کاؤنٹر پر بھگدڑ مچ جانے کے واقعے میں 6 لوگوں کی موت ہوگئی، جبکہ تقریباً 40 افراد کو زخمی حالت میں اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔ یہ حادثہ Tirumala کی پہاڑی کی چوٹی، جہاں مندر واقع ہے، وہاں پر نہیں بلکہ تروپتی شہر میں پیش آیا۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے، بھگدڑ کے اِس حادثے پر دُکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ اُن کی دِلی ہمدردی اُن لوگوں کے ساتھ ہے، جنہوں نے اپنے عزیزوں اور رشتہ داروں کو اس حادثے میں کھو دیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریاستی سرکار متاثرہ لوگوں کو ہر ممکن مدد فراہم کر رہی ہے۔

وزیر اعلیٰ این چندرابابو نائیڈو نے ہلاکتوں پر افسوس کا اظہار کیا ہے اور حکام کو زخمیوں کو بہترین طبی امداد فراہم کرنے کی ہدایت دی ہے۔ وہ آج سہ پہر تروپتی کا دورہ کریں گے اور صورتحال کا جائزہ لیں گے۔ اس دوران Tirumala تروپتی (TTD) Devasthanams کے ایگزیکٹیو آفیسر نے کہا کہ حادثے کی وجوہات کا پتہ لگانے کے لیے انکوائری کا حکم دیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اصلاحی اقدامات کیے جائیں گے۔ معلومات اور زخمیوں کو مدد فراہم کرنے کے لیے ایک کنٹرول روم اور ایمرجنسی ہیلپ لائن نمبر قائم کیا گیا ہے۔ ایمرجنسی ہیلپ لائن ہے:

صفر آٹھ سات سات، دو دو تین چھ صفر صفر سات

## Akashwani DD Songs

اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے دلّی میں مہا کمبھ پر آکاشوانی اور دوردرشن کے دو خصوصی نغموں کا آغاز کیا۔ آکاشوانی کے یہ خصوصی نغمے، بہترین موسیقی اور نغمہ نگاری کے شاندار امتزاج سے مہا کمبھ کی روحانی، ثقافتی اور مذہبی اہمیت کو بیان کرتے ہیں۔ یہ نغمہ رتن Prasanna نے گایا ہے اور سنتوش ناہر اور رتن Prasanna نے اس میں موسیقی دی ہے۔

پرسار بھارتی کے چیئرمین نونیت سہگل، پرسار بھارتی CEO گورو دیویدی، دوردرشن کی ڈائریکٹر جنرل کنچن پرساد اور آکاشوانی کی ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر پرگیہ پالیوال گوڑ بھی اِس موقع پر موجود تھیں۔

مہا کنبھ 2025، تیرہ جنوری سے 26 فروری تک پریاگ راج میں منعقد ہوگا۔

**Jammu Srinagar Vande Bharat Train**

ریلوے کی وزارت نے کہا ہے کہ کٹرہ سے سری نگر کے درمیان جموں -سری نگر وندے بھارت ایکسپریس جلد ہی شروع ہو جائے گی۔ اس ٹرین میں آٹھ کوچز ہوں گے اور اس کا سفر محض تین گھنٹے، دس منٹ کا ہوگا۔ وزارت نے کہا کہ نو تشکیل شدہ جموں ڈویژن میں 111 کلو میٹر بانیہال-کٹرہ سیکشن کا حتمی حفاظتی معائنے کا عمل بھی شروع ہو گیا ہے اور اس سال کے آخر سے اس رُوٹ پر ٹرینیں چلنے کی توقع ہے۔ وزارت نے بتایا کہ جموں اسٹیشن کو 8 پلیٹ فارم اور جدید سہولیات سے آراستہ کرنے کے لیے اسے دوبارہ تیار کیا جا رہا ہے۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ جموں -سری نگر وندے بھارت ٹرین کو خاص طور پر برف ہٹانے والی خصوصیات کے ساتھ ڈیزائن کیا گیا ہے۔

برف ہٹانے والی ٹرین، مسافر اور مال بردار ٹرینوں سے آگے بڑھتے ہوئے، اس بات کو یقینی بنائے گی کہ اس اسٹریٹجک روٹ پر ٹرینیں پورے سال دن اور رات چلتی رہیں۔ یہ دونوں خطوں کے درمیان ہر موسم میں ریل رابطے کو یقینی بنائے گی۔×

**Cold Wave**

شمالی بھارت کے زیادہ تر حصوں میں سردی میں شدت آگئی ہے۔ بھارتی محکمہٴ موسمیات نے خبردار کیا ہے کہ خطے میں درجہٴ حرارت میں مزید کمی کا امکان ہے۔ مغرب کی سمت سے ہونے والی موسم کی تبدیلی کے سبب شمال مغربی بھارت کے زیادہ تر حصوں میں اس ہفتے بارش اور برفباری کا امکان ہے۔

IMD کے مطابق ہماچل پردیش، پنجاب، راجستھان، مغربی مدھیہ پردیش، جموں و کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، اور مظفر آباد کے زیادہ تر حصوں میں اگلے دو روز کے دوران شدید سردی ہونے کا امکان ہے۔

موسمیات کے محکمے نے پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلی اور اترپردیش کے زیادہ تر حصوں میں کَل تک گھنے سے بہت گھنے کہرے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ ایسا امکان ہے کہ اترپردیش اور مدھیہ پردیش میں آج سخت سردی رہے گی۔

گھنے کہرے کے سبب شمالی بھارت میں ٹرین اور فضائی خدمات میں رخنہ پڑا ہے۔ دلی آنے والی تقریباً 25 ٹرینیں تین سے چار گھنٹے کی تاخیر سے چل رہی ہیں۔ دلی میں، اندراگاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈے پر تقریباً 50 پروازیں کہرے کی وجہ سے تاخیر کی شکار ہیں۔x

J&K Weather

جموں و کشمیر میں محکمہ موسمیات نے کل تک خشک موسم رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ پورے کشمیر خطے اور جموں ڈویژن کے دیگر پہاڑی علاقوں میں سخت سردی کا سلسلہ جاری ہے۔ کشمیر خطے میں درجہ حرارت نقطہ انجماد کے قریب ہے اور لداخ میں مختلف مقامات پر یہ نقطہ انجماد سے زیادہ خیال کیا جا رہا ہے۔ سری نگر اور دیگر مقامات کے باشندے رات کے وقت کڑاکے کی ٹھنڈ محسوس کر رہے ہیں۔

کشمیر خطے میں بارش اور برفباری کا کوئی تازہ امکان نہیں ہے۔x

ایک رپورٹ

Tariq Rathar

HP Weather

ہماچل پردیش میں صاف موسم کے باوجود ریاست کے میدانی علاقوں میں صبح اور شام کے وقت میں گھنے کہرے کے سبب مسلسل سخت سردی کے حالات ہیں۔ حالانکہ دن کے وقت دھوپ کی وجہ سے لوگوں کو شدید سردی سے کچھ راحت مل رہی ہے۔

Sports Roundup

اور اب کچھ خبریں کھیلوں کی دنیا سے،

نیوزی لینڈ کے کرکٹ کھلاڑی مارٹِن گپٹِل نے 38 سال کی عمر میں بین الاقوامی کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا۔ مارٹِن گپٹِل کا کرکٹ کریئر تقریباً 14 سال کے عرصے پر محیط رہا۔ اِس دوران انہوں نے کُل 367 میچز کھیلے۔ انہوں نے 23 بین الاقوامی سنچریاں بنائیں۔ ایک روزہ بین الاقوامی میچ ODI کے عالمی کپ میں اُن کے پاس سب سے بڑے انفرادی اسکور کا ریکارڈ ہے۔

گپٹِل نے ODI ورلڈ کپ میں 163 گیندوں میں ناٹ آؤٹ 237 رن بنائے۔ ایک روزہ بین الاقوامی کرکٹ میں کسی بھی نیوزی لینڈ بلّے باز کا یہ سب سے بڑا انفرادی اسکور بھی ہے۔

انہوں نے نیوزی لینڈ کے لیے سب سے زیادہ T-20 رن بھی بنائے۔ گپٹِل نے 122 ٹی-ٹوئنٹی بین الاقوامی میچوں میں کُل 3 ہزار 531 رن بنائے، جس میں دو سنچری اور 20 ہاف سنچری شامل ہیں۔ اپنے ریٹائرمنٹ پر انہوں نے کہا کہ نیوزی لینڈ کے لیے کھیلنا ہمیشہ اُن کا خواب رہا اور وہ خود کو بیحد خوش قسمت اور قابلِ فخر سمجھتے ہیں کہ انہوں نے اپنے ملک کے لیے کھیلا۔

انڈین سُپر لیگ فٹبال میں، آج چنئی میں، Chnnaiyin FC کا مقابلہ اُڈیشہ سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔ چنئی، اُڈیشہ کے خلاف اپنی جیت کا سلسلہ قائم رکھنا چاہے گا، کیونکہ پچھلے برس کے مقابلے میں اُس نے اُڈیشہ کو دو کے مقابلے تین گول سے ہرایا تھا۔ دوسری طرف اُڈیشہ FC، گوا کے خلاف اپنی حالیہ شکست بعد جیت حاصل کرنا چاہے گا۔ انڈین سُپر لیگ ISL کے موجودہ پوائنٹس ٹیبل میں Chnnaiyin FC پندرہ پوائنٹس کے ساتھ دسویں مقام پر ہے جبکہ اُڈیشہ FC، 20 پوائنٹس کے ساتھ ساتویں مقام پر ہے۔

ہاکی انڈیا لیگ میں، کل رات راؤڑ کیلا کے بِرسا مُنڈا ہاکی اسٹیڈیم میں ہالینڈ کے کھلاڑی Jip Janssen کے ہیٹرک گول کی مدد سے تمل ناڈو ڈریگنز نے ٹیم گوناسیکا کو 5 کے مقابلے 6 گول سے ہرایا۔ اس جیت کے ساتھ تمل ناڈو ڈریگنز پوائنٹس ٹیبل میں 4 میچوں میں 9 پوائنٹس کے ساتھ دوسرے مقام پر پہنچ گیا ہے۔ کل کھیلے گئے دوسرے میچ میں پوائنٹس ٹیبل میں آخری مقام پر رہنے والے حیدرآباد طوفانز نے یو-پی رودراس کو صفر کے مقابلے 3 گول سے ہرا کر اپنی پہلی جیت درج کی۔ حیدرآباد طوفانز کی طرف سے Zachary Wallace، راجندر سنگھ اور Shilanand Lakra نے گول کیے۔ اس جیت کے ساتھ حیدرآباد طوفانز پوائنٹس ٹیبل میں پانچویں مقام پر آ گیا ہے۔ ہاکی انڈیا لیگ میں آج رات سوا آٹھ بجے ویدانتا کلِنگا لانسرز کا سامنا ٹیم گوناسیکا سے ہوگا۔ ×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......اسد اللہ

شکریہ - اسلم

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے مختلف خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس، راشٹریہ سہارا اور ملاپ سمیت تقریباً سبھی اخباروں نے وشاکھا پٹنم میں وزیراعظم نریندر مودی کے ذریعے دو لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ کے ترقیاتی کاموں کا سنگِ بنیاد رکھے جانے اور افتتاح کیے جانے کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے،جس میں نیشنل گرین ہائیڈروجن کے تحت پہلے گرین ہائیڈروجن سینٹر کا سنگِ بنیاد رکھا جانا بھی شامل ہے۔

روزنامہ پرتاپ، ہندوستان ایکسپریس اور ملاپ سمیت کئی اخباروں نے ”ون نیشن ون الیکشن“ کے حوالے سے JPC کی پہلی میٹنگ منعقد ہونے کی خبر کو اہمیت دی ہے۔

بھارت اور مالدیپ نے جامع اقتصادی اور بحری سلامتی کی ساجھیداری کے لیے دوطرفہ تعلقات کو فروغ دینے کی خاطر اپنے عہدکا اظہار کیا۔ اِس خبر کو پیش کرتے ہوئے روزنامہ ہندوستان ایکسپریس اور انقلاب لکھتا ہے کہ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور مالدیپ کے وزیر دفاع نے دو طرفہ بات چیت میں دفاع اور سیکیورٹی تعاون کے مختلف پہلوؤں کا جامع جائزہ لیا۔

LPSC کے ڈائریکٹر وی نارائنن اِسرو کے نئے سربراہ مقرر، اس خبر کو روزنامہ ملاپ نے بوکس میں اور دیگر کئی اخباروں نے پہلے صفحے پر خصوصیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کا یہ بیان بھی کئی اخباروں کی سرخی ہے کہ بھارت کے تارکین وطن Globlization کی کلید ہیں۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی خبر کے مطابق افغانستان کے وزیر خارجہ نے خارجہ سکریٹری وکرم مصری سے دبئی میں ملاقات کی۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج بھونیشور کے Janata میدان میں 18ویں پرواسی بھارتیہ دِوس کنوینشن کا باضابطہ طور پر افتتاح کریں گے۔

2- بھارت اور افغانستان کی طالبان حکومت نے دبئی میں بات چیت کی ہے۔ نئی دلی نے افغان عوام کی فوری ترقیاتی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے بھارت کی تیاری کے باری میں مطلع کیا۔

3- اسرونے SpaDex مشن کے تحت اپنے دو سیارچوں کے ڈاکنگ تجربے کو ملتوی کردیا ہے۔

4- آندھرا پردیش کے تروپتی میں بھگدڑ کے واقعے میں میں کم از کم 6 افراد ہلاک اور 40 زخمی ہوگئے۔

5- شمالی بھارت میں سردی میں شدت آگئی ہے۔IMD نے درجہ حرارت میں مزید کمی کے لیے خبردار کیا ہے۔

6- اور ہاکی انڈیا لیگ میں، راؤر کیلا میں تمل ناڈو ڈریگنس نے ٹیم گوناسیکا کو پانچ کے مقابلے چھ گول سے شکست دی۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------